بسم الله الرحمن الرحيم ماشاء الله لا قوة إلا بالله
اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الامي وعلى اله واصحابه وعترته بعدد كل معلوم لك
وبعدد خلقك ورضى نفسك وزنة عرشك ومداد كلماتك استغفر الله الذي لا اله الا هو الحي القيوم واتوب اليه

سيدنا الراقي في السماء صلى الله عليه وسلم

ہمارے سردار آسمانوں پر چڑھنے والے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā AR-RĀQI FIL-SAMĀ' صلى الله عليه وسلم
(Our Leader,
Ascender to the Heavens صلى الله عليه وسلم)

اشارة الى قوله:

"ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى فَكَانَ
قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى" ○
(سورة النجم ۹،۸)

اِشارہ ہے اِس آیت کی طرف:

"پھر وہ فرشتہ (آپ کے) نزدیک آیا
پھر اور نزدیک آیا سو دو کمانوں کے
برابر فاصلہ رہ گیا بلکہ اور بھی کم"

Reference to the *Holy Qur'ān*:

Then he approached
And came closer,
And was at a distance
Of but two bow-lengths
Or (even) nearer.
-*(An-Najm 53:8-9)*

عن ابی سعید الخدری
رضی اللہ عنہ قال سمعت
رسول الله صلى الله عليه وسلم

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے۔ بیان کرتے ہیں میں
نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
امين امين امين يا رب العلمين ط

يقول لما فرغت مما
كان فى بيت المقدس
اتى بالمعراج ولم
ارشيئا قط احسن منه
وهو الذى يمد اليه
ميتكم عينيه اذا حضر
فاصعدنى صاحبى فيه
حتى انتهى بى الى باب
من ابواب السماء۔

(الروض الانف ج ۲ - ص ۱۵۴)

سُنا۔ آپؐ نے فرمایا جب میں بیت المقدس
کے امور سے فارغ ہوا تو ایک سیڑھی
لائی گئی۔ جس سے خوبصورت میں نے
کوئی چیز نہیں دیکھی۔ اور وہ وہی سیڑھی
ہے۔ جس کی طرف انسان فوت ہونے
کے قریب آنکھیں پھاڑ کر دیکھتا ہے
میرے ساتھی (جبریل علیہ السلام)
نے مجھے اس کے ذریعے اُوپر چڑھایا
حتیٰ کہ مجھے آسمان کے دروازوں
میں سے پہلے دروازے تک لے گیا۔

Ḥadrat Abu Sa'īd Al-Khudri رضي الله عنه said that he heard the Almighty Allah's Messenger صلى الله عليه وسلم say: "When I had finished my engagements in Jerusalem, a Ladder of Ascension of unprecedented beauty was brought down. That was the ladder which passes before one's eyes just before death. My companion Ḥadrat Jibrīl (Archangel Gabriel) عليه السلام helped me to climb it, until I reached the first gate of Heaven."

-(*Ar-Rawḍ Al-Unf V2, P154*)

والحق انه صلى الله عليه وسلم
اسرى به يقظة
لا مناما من مكة إلى
بيت المقدس راكبا
البراق فلما أنتهى إلى
باب المسجد ربط
الدابة عند الباب

صحیح بات یہ ہے۔ کہ آپ
صلی اللہ علیہ وسلم آسمانوں پر جاگنے کی
حالت میں تشریف لے گئے۔
یہ واقعہ خواب کا نہیں۔ مکہ مکرمہ
سے بیت المقدس تک براق پر
سوار ہوئے جب بیت المقدس کی مسجد
کے دروازہ پر پہنچے تو براق کو دروازہ کے

و دخله فصلى في
قبلته تحية المسجد
ركعتين ثم اتى
بالمعراج وهو كالسلم
كالدرج يرقى فيها فصعد
فيه إلى السماء الدنيا
ثم إلى بقية السمٰوٰت
السبع۔

(تاریخ ابن کثیر مطبوعہ لاہور ج ۳ ص ۲۲)

پاس باندھ دیا اور اندر تشریف لے
گئے۔ اور وہاں قبلہ رُخ ہو کر
دو رکعت نماز بطور تحیۃ المسجد ادا
کئے۔ پھر آپؐ کے پاس سیڑھی
لائی گئی جو بالکل ڈنڈوں کی سیڑھی
کی طرح تھی۔ آپؐ اس پر چڑھ کر
پہلے آسمان تک پہنچ گئے۔ پھر اسی
طرح باقی ساتوں آسمانوں تک
تشریف لے گئے۔

The fact is that the Almighty Allah's Prophet ﷺ ascended to Heaven while he was awake, and not asleep. He was taken from Makkah to Jerusalem by riding *Al-Burāq*. When he reached the Mosque in Jerusalem, *Al-Burāq* was tied to the door of the Mosque and the Almighty Allah's Messenger ﷺ entered, faced the *Ka'bah* and prayed two *rak'ahs* out of respect for the Masjid. What looked like a ladder with rungs was brought for him. He climbed onto it and reached as far as the first Heaven, and then to the rest of the seven Heavens.

-(*Tārīkh Ibn Kathīr V3, P22)*

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ
اللّٰھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی اٰلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک
وبعدد خلقک ورضٰی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا راکب البراق ﷺ

ہمارے سردار براق کے سوار درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā RĀKIB UL-BURĀQ ﷺ
(Our Leader, Rider of *Al-Burāq* ﷺ)

عن انس ؓ ان رسول اللہ
ﷺ قال اتیت بالبراق وھو
دابۃ ابیض طویل فوق الحمار دون
البغل یضع حافرہ عند منتھی طرفہ
قال فرکبتہ (الحدیث)

(الصحیح لمسلم ج ۱ ص ۹۱)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت
ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
میرے پاس براق لایا گیا اور وہ ایک سفید
لمبا جانور تھا جو گدھے سے بڑا اور خچر سے
چھوٹا تھا اور اسکے قدم آنکھ کی انتہا
تک پڑتے تھے پھر میں اس پر سوار ہوا۔

It is narrated on the authority of Anas bin Mālik ؓ that the Messenger of Allah the Almighty ﷺ said: "I was brought *Al-Burāq*, which was an animal white and long, larger than a donkey but smaller than a mule. It would place its hoof at a distance equal to its range of vision. I mounted it."

-(*Ṣaḥīḥ Muslim V1, P91*)

البراق الدابۃ رکبھا ﷺ
لیلۃ المعراج سمی بہ لشدۃ

براق وہ جانور تھا جس پر حضور اقدس
صلی اللہ علیہ وسلم معراج کی رات سوار ہوئے تھے

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
اٰمین اٰمین اٰمین یا رب العٰلمین ط

بريقه أو سرعة حركته هو
بضم باء دابة أبيض بين البغل
والحمار، ذو جناحين كان
الأنبياء يركبونها وركبها
معه جبريل ليلئذٍ۔
(مجمع البحار ج ۱ ص ۸۹)

اسکا نام براق اِس لیے کہا گیا کہ بہت
چمکدار تھا یا اسکی تیز رفتاری کے سبب نام
پڑا۔ براق ب کا ضمہ سفید رنگ کا جانور
خچر سے چھوٹا اور گدھے سے بڑا، اسکے دو
پر تھے اور اسکی سواری پیغمبر کیا کرتے تھے اور
اس رات آپ کے ہمراہ جبریلؑ بھی سوار تھے

Al-Burāq was an animal on which the Holy Prophet ﷺ rode on the night of *Al-Mi'rāj* (Ascension). It was so called either due to its sparkle (*barīq*) or its speed. Spelt with the short vowel *ḍamma* on the letter *bā'* (*burāq*) it is a white-coloured animal, smaller than a mule and bigger than a donkey. It had two wings. Prophets used to ride on it, and on that particular night, Ḥaḍrat Jibrīl (Archangel Gabriel) عليه السلام rode with the Almighty Allah's Prophet ﷺ.

-(*Majma' Al-Biḥār V1, P89*)

بسم الله الرحمن الرحیم ● ماشاء الله لا قوة الا بالله

سیدنا راکب البعیر ﷺ

ہمارے سردار اونٹ کے سوار درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā RĀKIB UL-BA'ĪR ﷺ
(Our Leader, Rider of Camel ﷺ)

ھو من اسمائه فی الکتب السالفة۔

(شرح المواھب اللدنیة للزرقانی ج ۳ ص ۱۳۱)

یہ اسم اگلی کتابوں میں پایا جاتا ہے۔

This was one of his (ﷺ) names in the Holy Books revealed before the Holy *Qur'ān*.
-(*Sharḥ Al-Mawāhib Al-Ladunya V3, P131*)

عن ابن عباس رضی الله عنهما ان رسول الله ﷺ طاف فی حجة الوداع علی بعیر یستلم الرکن بمحجن۔

(الصحیح لمسلم ج ۱ ص ۴۱۳)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے حجۃ الوداع میں اونٹ پر طواف کیا اور اپنی چھڑی کے ساتھ حجر اسود کو چھوا۔

Ibn 'Abbās رضی الله عنهما reported that on the occasion of the Farewell Pilgrimage, the Messenger of Allah the Almighty ﷺ circumambulated the House (*Ka'bah*) on the

back of his camel, and touched the corner of the Black Stone with his staff.

-(*Ṣaḥīḥ Muslim V1, P413*)

قال ابن إسحاق
رحمة الله عليه فلما قرب ابوبكر
رضي الله عنه الراحلتين الى
رسول الله صلى الله عليه وسلم
قدم له افضلهما ثم
قال اركب فداك
أبي و أمي، فقال رسول
الله صلى الله عليه وسلم "اني لا
أركب بعيرا ليس لي"
قال فهي لك يا
رسول الله صلى الله عليه وسلم
بأبي انت وأمي قال
"لا ولكن ما الثمن
الذى ابتعتها به" قال
كذا وكذا قال
"أخذتها بذلك"

(تاريخ ابن كثير ج ٣ - ص ١٨٨)

ابنِ اسحاق رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے
کہ جب حضرت ابوبکر صدّیق
رضی اللہ عنہ نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم
کے لیے دو سواریاں آگے بڑھائیں
تو آپ کے لیے افضل سواری پیش
کی اور عرض کیا کہ آپ پر میرے
ماں باپ قربان ہوں، سوار ہو
جائیے تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا اس اونٹ پر میں کبھی سوار
نہ ہوں گا جو میری ملکیت نہیں ہے
تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ
نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
یہ اونٹ آپ ہی کا ہے۔ آپ
پر میرے ماں باپ قربان ہوں،
آپ نے فرمایا نہیں لیکن اس کی
وہ قیمت بتاؤ جس قیمت پر اس
کو خریدا ہے تو حضرت ابوبکر صدیق
رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ یہ ایسے ایسے
خریدے ہیں۔ آپ نے فرمایا
میں نے اس قیمت پر اس کو خریدا۔

Ḥadrat Ibn Isḥāq رحمة الله عليه has said that when Abu Bakr رضي الله عنه brought two she-camels before the Messenger of Allah the Almighty ﷺ, he presented the Holy Prophet ﷺ with the best of the two and said: "(O Messenger of Allah the Almighty ﷺ, please ride, may my father and mother be sacrificed for you!"

The Messenger of Allah the Almighty ﷺ said: "I shall not ride on a camel which is not mine." So Abu Bakr رضي الله عنه said: "But it belongs to you, O Messenger of Allah the Almighty ﷺ, may my father and mother be sacrificed for you!"

Then the Messenger of Allah the Almighty ﷺ said: "No, but tell me the price you paid for it." Abu Bakr رضي الله عنه told him how much he had paid. The Holy Prophet ﷺ said: "I shall buy it at that price."

-(Tārīkh Ibn Kathīr V3, P188)

عن عروة رض انه قال
سئل اسامة رض وانا جالس
كيف كان رسول الله ﷺ
يسير فى حجة الوداع
حين دفع قال كان
يسير العنق فاذا وجد
فجوة نصّ۔
(صحيح البخاری ج ۱ ص ۲۲٦)

حضرت عروہ رضی اللہ عنہ سے روایت
ہے کہ حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ سے
پوچھا گیا اور مَیں وہاں بیٹھا ہُوا تھا کہ حضور
اقدس ﷺ حجّۃ الوداع میں عرفات
سے مزدلفہ کو کیسے گئے تھے؟ تو اُنہوں
نے فرمایا کہ حضورِ اقدس ﷺ نے
اپنی اونٹنی کو قابو میں رکھا۔ پھر جب کشادہ
راستہ ملتا تو اس کو تیز کر دیا کرتے۔

Ḥadrat 'Urwa رضي الله عنه narrated: "Ḥadrat Usāma رضي الله عنه was asked in my presence: 'How did the Almighty Allah's Messenger's ﷺ depart from 'Arafa during the Farewell Pilgrimage?'. To this Usāma رضي الله عنه replied: 'The Holy Prophet ﷺ proceeded with a modest pace, and when there was sufficient space he made his camel go fast.'"

-(Ṣaḥīḥ Al-Bukhārī V1, P226)

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

یا قیوم · یا حی

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک

وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا راکب الجدعاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار — جدعاء اونٹنی کے سوار — درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā RĀKIB UL-JAD'Ā' ﷺ
(Our Leader, Rider of the She-Camel *Al-Jad'ā'* ﷺ)

عن ابی امامة رضی اللہ عنہ یقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یخطب الناس فی حجة الوداع وھو علی الجدعاء واضع رجله فی غراز الرحل یتطال یقول الا تسمعون فقال رجل من آخر القوم ما تقول قال اعبدوا ربکم وصلوا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو حجۃ الوداع کے موقع پر لوگوں کو خطاب فرماتے سنا اور آپ اپنی اونٹنی جدعاء پر سوار تھے اور آپ نے اسکی رکابوں میں پاؤں مبارک رکھے ہوئے تھے آپ نے اونچے ہو کر فرمایا، لوگو سنتے ہو ایک آدمی نے جو دور تھا، عرض کیا کہ آپ فرمائیں کیا فرماتے ہیں؟ آپ نے فرمایا اپنے رب کی عبادت کرو

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم

آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

خمسکم و صوموا شهرکم وادوا زکاة اموالکم واطیعوا ذا امرکم تدخلوا جنة ربکم۔

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۵ ص ۲۵۱)

اور پانچ نمازیں پڑھو اور مہینہ کے روزے رکھو اور اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کرو اور اپنے حاکمِ وقت کی تابعداری کرو تو اپنے رب کی بہشتوں میں داخل ہو جاؤ گے۔

Abu Umāma رضی اللہ عنہ has narrated that he heard the Messenger of Allah the Almighty ﷺ addressing his people at the time of the Farewell Pilgrimage. He was mounted on his she-camel, called *Jad'ā'*, and had his feet in its stirrups. He rose and said: "Are you listening?". To this one man who was standing at the back of the people said: "Say what you will, O the Almighty Allah's Prophet ﷺ."

He ﷺ said: "Worship the Lord, pray five times, fast for the month, pay *zakāt* from your wealth and obey the ruler of your time so that Allah the Almighty may admit you into Paradise."

-(*Musnad Imām Aḥmad bin Ḥanbal V5, P251*)

و العضباء و الجدعاء ولم یکن بهما عضب ولا جدع وانما سمیتا بذلك

(شرح المواهب اللدنیة للزرقانی ج ۳ ص ۱۳۱)

اور عضباء اور جدعاء ان کے نام تھے۔ ان کے کان نہ تو کٹے ہوئے تھے نہ کٹے ہوئے تھے۔ صرف ان کے یہ نام رکھے ہوئے تھے۔

Al-'Aḍbā' and *Al-Jad'ā'* were their names. Although their ears were neither trimmed nor pierced, they were so named.

-(*Sharḥ Al-Mawāhib Al-Ladunya by Az-Zarqāni V3, P131*)

عن محمد بن ابراهیم التیمی رضی اللہ عنہ قال کانت القصواء

حضرت محمد بن ابراہیم التیمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ فرماتے ہیں کہ قصواء

من نعم بنى الحريس ابتاعها
ابوبكر رضي الله عنه واخرى
معها بثمانمائة درهم، فاخذها
رسول الله ﷺ منه
بأربعمائة درهم، فكانت
عنده حتى نفقت، وهى
التي هاجر عليها، وكانت
حين قدم رسول الله
ﷺ المدينة رباعية
وكان اسمها القصواء و
الجدعاء والعضباء۔
(الطبقات الكبرى لابن سعد ج١ ص٤٩٢)

بنی حریس کے اونٹوں میں سے تھی جسکو
حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے خرید
لیا تھا اور ایک اور اونٹنی آٹھ سو درہم میں
خریدی تھی جسکو حضورِ اقدس ﷺ
نے حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ سے چار سو درہم
میں خرید لیا تھا۔ وہ مرتے دم تک آپؐ
کے پاس ہی رہی تھی اور یہ وہی ہے جس پر
سوار ہو کر آپؐ نے ہجرت فرمائی تھی اور
یہ وہی اونٹنی ہے جس پر سوار ہو کر
آپؐ مدینہ منورہ تشریف لائے تھے
یہ چار دانتوں والی تھی اور اسی کا نام
قصواء اور جدعاء اور عضباء تھا۔

Ḥaḍrat Muḥammad bin Ibrāhīm At-Taimi رضي الله عنه narrated that among the camels of Banū Al-Ḥurais, which Abu Bakr رضي الله عنه had purchased, was a camel named *Al-Qaṣwā'* and another one along with it for eight hundred dirhams and the Messenger of Allah the Almighty ﷺ bought it for four hundred dirhams. She stayed with the Holy Prophet ﷺ until his demise, and it was the same camel on which he migrated to Madinah. It had four teeth and was called by the name *Al-Qaṣwā'*, *Al-Jad'ā'* or *Al-'Aḍbā'*.

-(At-Ṭabaqāt Al-Kubrā by Ibn Sa'd V1, P492)

بسم الله الرحمن الرحيم ماشاء الله لا قوة الا بالله
اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الامي وعلى اله واصحابه وعترته بعدد كل معلوم لك
وبعدد خلقك ورضى نفسك وزنة عرشك ومداد كلماتك استغفر الله الذي لا اله الا هو الحي القيوم واتوب اليه

سيدنا راكب الجمل صلى الله عليه وآله وسلم

ہمارے سردار جمل سوار درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā RĀKIB UL-JAMAL صلى الله عليه وسلم
(Our Leader, the Camel-Rider صلى الله عليه وسلم)

إشارة إلى قول يشعيا عليه السلام :

"لانه هكذا قال السيد اذهب اقم الحارس-ليخبر بما يرى فرأى ركابًا ازواج فرسان ركاب حمير- ركاب جمال-

(اشعيا آية ٦، ٧، ٨ باب ٢١
صفحه ١٠١٥ طبع اكسفورڈ ١٨٧١ء)

حضرت یشیعا علیہ السلام نبی کے قول کی طرف اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے یوں فرمایا جا نگہبان بٹھا، جو کچھ دیکھے سو بتائے اس نے سوار دیکھے گھڑ چڑھوں کے دو دو آتے تھے اور گدھوں پر بھی سوار اور اونٹوں پر بھی سوار۔

This name is derived from a saying of Ḥadrat Asha'yā (Isaiah) عليه السلام, who said: "For thus hath the Lord said unto me; Go, set a watchman; let him declare what he seeth: He saw riders of horses in pairs, riders of donkeys and camels."

-(Isaiah 21:6-8)

ورد في كتاب نبوة شعيا

حضرت شعیا علیہ السلام حوبذوالکفل

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمين آمين آمين يا رب العلمين ط

وھو ذوالکفل إنہ قال قیل لی قم فانظر ماتری فاخبرعنہ فقلت رأیت راکبین احدھما علی حمار والآخر علی جمل۔
(شرح المواھب للدنیۃ للزرقانی ج ۳ ص ۱۳۱)

ہیں، ان کی کتاب میں ہے۔ "اس نے مجھے کہا کہ کھڑا ہو، دیکھ کیا دیکھتا ہے اور بتا، میں نے کہا کہ میں دو سواروں کو دیکھ رہا ہوں۔ ایک گدھے پر سوار ہے دوسرا اونٹ پر۔"

This name appeared in the Scripture of the Prophet Isaiah (Ḥaḍrat Asha'yā عليه السلام), who is also known as "*Dhu'l-Kifl* (He of the Herds of Horses"). He says that he was told to stand, watch and to report back what he saw. He reported that he saw a pair of riders, one on a donkey and the other on a camel.

-(Sharḥ Al-Mawāhib Al-Ladunya by Az-Zarqāni V3, P131)

قال ابن دحیۃ رحمۃ اللہ علیہ فراکب الحمار عیسیٰ و راکب الجمل محمّد ﷺ۔
(شرح المواھب للدنیۃ للزرقانی ج ۳ ص ۱۳۱)

حضرت ابن دحیہ رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ گدھے کے سوار تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں اور اونٹ کے سوار حضور اقدس ﷺ ہیں۔

Ibn Diḥya رحمۃ اللہ علیہ has explained that the donkey-rider was meant to be Ḥaḍrat 'Īsā عليه السلام, and the camel-rider was meant to be Muḥammad ﷺ.

-(Sharḥ Al-Mawāhib Al-Ladunya by Az-Zarqāni V3, P131)

فی نبوۃ شعیا علیہ السلام "قیل لی قم نظارا فانظر ماتری تخبر بہ، قلت اری راکبین مقبلین احدھما علی حمار والآخر علی جمل؛

اور صحیفہ شعیا علیہ السلام میں ہے کہ مجھے کہا گیا اٹھ دیکھ اور بتا کہ تو نے کیا دیکھا ہے۔ میں نے کہا کہ میں دو آنے والے سوار دیکھ رہا ہوں، ایک گدھے پر سوار ہے اور دوسرا اونٹ پہ

يقول احدهما لصاحبه سقطت بابل و اصنامها للبحر" وصاحب الحمار عندنا وعند النصارى هو المسيح (علیہ السلام) و راكب الجمل هو محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) صلوات الله وسلامه عليهما، وهو اشهر بركوب الجمل من المسيح بركوب الحمار و بمحمد ﷺ سقطت أصنام بابل لا بالمسيح۔

(هداية الحيارى ص٧٣/٧٢)

ایک سوار دوسرے سے کہ رہا ہے کہ بابل کے محل گر گئے اور اسکے بُت بھی ٹوٹ کر سمندر میں گر گئے اور ہمارے اور عیسائیوں کے نزدیک گدھے کے سوار تو حضرت مسیح ہیں اور اونٹ کے سوار حضرت محمد ﷺ ہیں اور آپ گدھے کی نسبت اونٹ کی سواری میں حضرت مسیح علیہ السلام سے زیادہ مشہور ہیں اور حضرت عیسٰی علیہ السلام کے آنے سے نہیں بلکہ حضرت محمد ﷺ کے تشریف لانے سے بابل کے بُت ٹوٹ کر گر گئے

In the Scripture of Ḥaḍrat Asha'yā (Isaiah) علیہ السلام it was written: "For thus the Lord said to me: 'Go, on the lookout, watch and announce what you see', I said I see two riders approaching, one on a donkey and the other on a camel. One rider is saying to the other: 'Babylon has fallen along with its idols which have been engulfed by the sea'". The rider on the donkey according to us and the Christians is Ḥaḍrat 'Īsā علیہ السلام, and the camel rider was Muḥammad ﷺ. He was better known as a camel-rider than Ḥaḍrat 'Īsā علیہ السلام, who was better known as a donkey-rider. And the idols of Babylon were destroyed by the coming of Muḥammad ﷺ, not of 'Īsā علیہ السلام.

-(*Hadīyat Al-Hayāra P72-3*)

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللّٰھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا راکب الدلدل صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار دُلدل کے سوار درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā RĀKIB-UD-DULDUL صلی اللہ علیہ وسلم
(Our Leader, Rider of the Mule *Duldul* صلی اللہ علیہ وسلم)

قال ابن سعد رحمۃ اللہ علیہ
ورکب بغلته البیضاء دلدل
ولبس درعین و المغفر۔
(الطبقات الکبرٰی لابن سعد ج ۲ ص ۱۵۰)

ابنِ سعد رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے
کہ آپ اپنی سفید خچر دُلدل
پر سوار ہوئے اور آپ نے دو زِرہیں
پہنیں اور لوہے کی ٹوپی پہنی۔

Ibn Sa'd رحمۃ اللہ علیہ has explained that the Almighty Allah's Prophet صلی اللہ علیہ وسلم rode on his white mule named *Duldul*, wore two coats of armour and a steel helmet.

-(*Aṭ-Ṭabaqāt Al-Kubrā by Ibn Sa'd V2, P150*)

وکان له صلی اللہ علیہ وسلم
من البغال دلدل
وکانت شهباء اهدا هاله
المقوقس۔ (المواھب اللدنیۃ ج ص ۳۸۹)

اور آپ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم
کی خچر دُلدل تھی اور وہ سفید رنگ
کی تھی جِس کو مصر کے بادشاہ مقوقس
نے آپ کو تحفہ ارسال کیا تھا۔

The Almighty Allah's Prophet's (ﷺ) mule was called *Duldul*. It was presented to him by Al-Maqūqas, King of Egypt.

-(*Sharḥ Al-Mawāhib Al-Ladunya by Az-Zarqāni V3, P389*)

عن علقمة ابن ابی علقمةؒ قال بلغنی واللہ اعلم ان اسم بغلة النبی ﷺ الدلدل وكانت شهباء وكانت بينبع حتى ماتت ثم۔

(الطبقات الکبریٰ لابن سعد ج ۱ ص ۴۹۱)

حضرت علقمہ بن ابی علقمہ رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ مجھے یہ بات پہنچی ہے اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے کہ حضور اقدس ﷺ کی خچر کا نام دُلدل تھا اور وہ سفید رنگ کی تھی اور وہ ینبع میں رہتی تھی حتّٰی کہ وُہ وہیں مرگئی۔

Ḥadrat 'Alqama bin Abi 'Alqama رحمۃ اللہ علیہ explained that it was reported to him that the name of the Holy Prophet's (ﷺ) mule was *Duldul*, and that it was white. It stayed in Yanbu', where it eventually died.

-(*Aṭ-Ṭabaqāt Al-Kubrā by Ibn Sa'd V1, P491*)

وكان من جملة الهدية غلام اسود خصى اسمه مابور وخفين ساذجين أسودين وبغلة بيضاء اسمها الدلدل۔

(تاریخ ابن کثیر ج ۴ ص ۲۷۳)

اور منجملہ تحفوں کے جوکہ شاہِ مصر مقوقس نامی نے حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں ارسال کیے، ایک سیاہ خصی غلام جس کا نام مابور تھا، ایک جوڑا سادے، سیاہ موزوں کا اور ایک سفید رنگ کی خچر جس کا نام دُلدل تھا۔

Among the various presents sent to the Almighty Allah's Prophet ﷺ were a black eunuch slave named Mābūr, a pair of plain black socks, and a white mule named *Duldul*.

-(*Tārīkh Ibn Kathīr V4, P273*)

عن عبد الله بن بريدة رضي الله عنه ان رسول الله ﷺ يوم حنين انكشف الناس عنه فلم يبق معه الارجل يقال له زيد آخذ بعنان بغلته الشهباء وهي التي اهداها له النجاشي فقال له رسول الله ﷺ ويحك حض الاوس والخزرج هذا رسول الله يدعوكم۔

(الحديث)

(منتخب كنز العمال على هامش مسند الامام احمد بن حنبل ج ۴ ص ۱۶۷)

حضرت عبد اللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ جنگِ حنین کے دن جب لوگ آپ سے بھاگ گئے تھے مگر ایک آدمی جس کو زید کہا جاتا تھا وہ آپ کی سفید خچر (دُلدل) کی لگام پکڑے ہُوئے تھا جس خچر کو نجاشی بادشاہِ حبشہ نے بطور تحفہ کے حضورِ اقدس ﷺ کی خدمت میں بھیجا تھا۔ آپ نے اسے (زید) کو فرمایا تجھے افسوس اوس اور خزرج کے قبائل کو رغبت دلاؤ کہ یہ اللہ تعالیٰ کے رسول تمھیں بلاتے ہیں۔

Ḥadrat ‘Abdullah bin Buraida رضي الله عنه narrated that on the day of the Battle of Ḥunayn, people disappeared from the scene and the Messenger of Allah the Almighty ﷺ was left with only one man named Zaid. Zaid held the reins of his mule, which was white in colour and that which King Negus had presented to him. The Messenger of Allah the Almighty ﷺ told him (‘Abdullah) رضي الله عنه: “Alas! Exhort the tribes of Al-Aws and Al-Khazraj, tell them that this is the Messenger of Allah the Almighty ﷺ who invites them.”

-(Muntakhab Kanz Al-‘Ummāl, on the margin of Musnad Imām Aḥmad bin Ḥanbal V4, P167)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ
اللّٰھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک
وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا راکب رفرف صلی اللہ علیہ والہ وسلم

ہمارے سردار رفرف کے سوار درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā RĀKIBU RAFRAF صلی اللہ علیہ وسلم
(Our Leader, Rider of the Cushion صلی اللہ علیہ وسلم)

عن انس رضی اللہ عنہ
قال قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم بینا انا
جالس اذ جاء جبریل
فوکز بین کتفی
فقمت الی شجرۃ
فیھا مثل وکری
الطائر فقعد فی
احدھما وقعدت فی
الاخری فنمت فارتفعت
حتی سدت الخافقین
وانا اقلب بصری

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت
ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا ایک وقت میں بیٹھا ہوا تھا
حضرت جبریل علیہ السلام آئے اور
انھوں نے میرے دونوں کندھوں
کے درمیان ہاتھ لگایا تو میں ایک
درخت کی طرف گیا۔ اس درخت
میں پرندوں کے دو گھونسلوں کی
طرح جگہ تھی۔ ایک میں وہ بیٹھ
گئے، ایک میں میں بیٹھ گیا بلکہ سو
گیا۔ وہ گھونسلے اڑ پڑے حتیٰ کہ
انھوں نے آسمان کو بھر دیا اور میں

ولو شئت ان امس السماء لمسست فالتفت الى جبريل عليه السلام فاذا هو كانه حلس لاطئ فعرفت فضل علمه بالله على وفتح لى باب من السماء ورايت النور الاعظم ولط دونى الحجاب رفرفه الدر والياقوت ثم اوحى الله الى ماشاء ان يوحى - (منتخب کنز العمال علی هامش مسند الامام احمد بن حنبل ج ۴ ص ۶۹-۲۶۸)

نظروں کو اُلٹ پلٹ کرتا تھا۔ اگر مَیں آسمان کو چھُونا چاہتا تو اس کو چھُولیتا۔ مَیں حضرت جبریل کی طرف متوجّہ ہوا۔ وہ گویا زمین پر گرِے ہوئے ٹاٹ کی طرح تھے مَیں نے اس کی فضیلت کو جو اسے اللہ نے دے رکھی تھی، جان لیا، پھر میرے واسطے آسمان کا دروازہ کھلا اور مَیں نے بڑا نُور دیکھا، پھر پردوں کے پیچھے سے سچّے موتیوں اور سُرخ یاقوت کا بچھوڑا (رفرف) نمودار ہُوا، مَیں اس میں سوار ہوگیا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے جو چاہا میری طرف وحی کی۔

Hadrat Anas bin Mālik رضي الله عنه narrated that the Almighty Allah's Messenger ﷺ said: "Once I was sitting when Jibrīl (Archangel Gabriel) عليه السلام came and touched me between the shoulders. I went towards a tree in which there was something like two nests. I sat in one of them and he sat in the other, and I slept there. The two nests began to rise until they filled the sky. I glanced about, and if I had wanted to touch the sky, I could have done so. Then I turned to Jibril عليه السلام, who was as if a blanket clung to the ground, and understood the extent of his (status and) knowledge of Allah the Almighty. Then the door of the sky was opened for me, and I saw the Greatest Light, and then from behind the curtains a cushion appeared, made of diamonds and rubies. (I sat

on it), and then Allah the Almighty revealed to me what He willed."

-(Muntakhab Kanz Al-'Ummāl, on the margin of Musnad Imām Aḥmad bin Ḥanbal V4, PP268-9)

قال ابن عباس رضی اللہ عنہما فتدلّی الرفرف لمحمّد صلی اللہ علیہ وسلم لیلة المعراج فجلس علیه ثم رفع ودنا من ربه قال فارقنی جبریل علیہ السلام وانقطعت عنی الاصوات۔

(نسیم الرّیاض ج ۲ ص ۳۱۰)

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے معراج کی رات رفرف لٹکی، آپؐ اس پر بیٹھ گئے، پھر آپؐ کو اٹھایا گیا اور آپؐ اپنے ربّ کے نزدیک ہو گئے۔ آپؐ نے فرمایا حضرت جبریل علیہ السلام مجھ سے جُدا ہو گئے اور (دُنیا کی) آوازیں بھی ختم ہو گئیں۔

Ḥadrat Ibn 'Abbās رضی اللہ عنہما narrated that on the night of his Ascension, a cushion was brought down for Muḥammad ﷺ. He sat on it and was lifted up so that he drew near to his Lord. He then said that Jibrīl علیہ السلام left him, and that all the sounds of the world disappeared.

-(Nasīm Ar-Riyāḍ V2, P310)

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ
یا حی — یا قیوم
اللّٰھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک
وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا راکب السکب صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار سکب گھوڑے کے سوار درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā RĀKIB AS-SAKAB ﷺ
(Our Leader,
Rider of the Horse *As-Sakab* ﷺ)

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما
قال کان له فرس ادهم
یسمی السکب وکان له
سرج یسمی الداج -
(رواہ الطبرانی - تاریخ ابن کثیر ج ٦ ص ٩)

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما
فرماتے ہیں کہ حضورِ اقدس ﷺ
کا مشکی گھوڑا تھا جس کا نام سکب
تھا اور اس (گھوڑے) کی زین کا
نام داج تھا۔

Ḥadrat Ibn 'Abbās رضی اللہ عنہما narrated that the Almighty Allah's Prophet ﷺ had a deep-black horse named *As-Sakab*, and its saddle was called *Ad-Dāj*.

-(At-Ṭabarāni in Tārīkh Ibn Kathīr V6, P9)

وکان اغر محجلاً طلق
الیمین کمیتاً اشتراه ﷺ
بعشرة اواق -
(شرح المواهب اللدنیة للزرقانی ج ٣ ص ٣٨٤)

آپ کا یہ گھوڑا پنج کلیان، اگلا
دایاں پاؤں سفید، رنگ کا کمیت
تھا۔ اس کو حضورِ اقدس ﷺ
نے دس اوقیوں سے خریدا تھا۔

It was unique in its beauty (white footed and having a blaze), that galloped with the right foot. He صلى الله عليه وسلم had bought it for ten silver pieces.

-(*Sharḥ Al-Mawāhib Al-Ladunya by Az-Zarqāni V3, P384*)

قال الثعلبیؒ اذا کان الفرس شدید الجری فهو فیض وسکب تشبیهًا بفیض الماء وانسکابه ۔

(شرح المواهب اللدنیة للزرقانی ج ۳ ص ۳۸۴)

امام لغت ثعلبی رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ جب گھوڑا بہت تیز ہو تو اس کا نام فیض یا سکب ہوتا ہے، فیض اور سکب کو پانی کے سخت بہاؤ سے تشبیہ دی گئی ہے ۔

The lexicographer Imām Al-Tha'labi رحمۃ اللہ علیہ says: "When it is an exceptionally fast horse, it is called *Fayḍ* or *Sakab*, both of which describe the flow and speed of water."

-(*Sharḥ Al-Mawāhib Al-Ladunya by Az-Zarqāni V3, P384*)

بسم اللہ الرحمن الرحیم ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ
اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک
وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا راکب الظرب صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار ظرب گھوڑے کے سوار درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā RĀKIB UZ-ZARB صلی اللہ علیہ وسلم
(Our Leader, Rider of the Horse *Az-Zarb* صلی اللہ علیہ وسلم)

عن سهل بن سعد رضی اللہ عنہ
كان لرسول الله صلی اللہ علیہ وسلم
عندی ثلاثه أفراس،
لزاز، والظرب واللحيف۔
(الطبقات الكبرى لابن سعد ج ۱، ص ۴۹۰)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ
سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم
کے تین گھوڑے میرے پاس
رہتے تھے۔ لزاز، ظرب، لحیف۔

Ḥadrat Sahl bin Sa'd رضی اللہ عنہ narrated that the Messenger of Allah the Almighty صلی اللہ علیہ وسلم had three horses in my care, named *Lazzāz*, *Aẓ-Ẓarb* and *Al-Laḥīf*.
-(*At-Ṭabaqāt Al-Kubrā by Ibn Sa'd V1, P490*)

و اما الظرب فاهداه
له فروة بن عمير الجذامی۔
(الطبقات الكبرى لابن سعد ج ۱ ص ۴۹۰)

ظرب گھوڑے کا تحفہ فروہ بن
عمیر جذامی نے ارسال کیا تھا۔

Aẓ-Ẓarb had been presented to him by Farwat bin 'Umair

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین آمین یا رب العلمین

Al-Judhāmi.

-(*Aṭ-Ṭabaqāt Al-Kubrā by Ibn Sa'd V2, P490*)

قال البیهقیؒ و روینا فی کتاب السنن أسماء افراسه التی کانت عند الساعدیین لزاز واللحیف وقیل اللخیف و الظرب ۔

(تاریخ ابن کثیر ج۶ ص۸)

امام بیہقیؒ فرماتے ہیں کہ ہم نے سُنن میں حضور اقدس ﷺ کے گھوڑوں کی روایت بیان کی ہے جو جانکیوں (گھوڑوں کو دوڑانے والے) کے پاس رہتے تھے، انکے نام یہ ہیں، لزاز، لحیف اور کہا گیا ہے لخیف اور ظرب

Imām Al-Baihaqi رحمۃ اللہ علیہ said: "In the *Sunan* we have narrated the names of the horses that belonged to the Holy Prophet ﷺ under the care of two assistants. They were *Lazzāz, Al-Laḥīf* also called *Al-Lakhīf* and *Aẓ-Ẓarb.*"

-(*Tārīkh Ibn Kathīr V6, P8*)

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

سیدنا راکب اللحیف ﷺ

ہمارے سردار لحیف گھوڑے کے سوار درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā RĀKIB-UL-LAḤĪF ﷺ (Our Leader, Rider of the Horse *Al-Laḥīf* ﷺ)

عن سهل بن سعد رضي الله عنه قال كان للنبي ﷺ في حائطنا فرس يقال له اللحيف وقال بعضهم اللخيف بالخاء۔

(صحیح البخاری ج ۱ ص ۴۰۰)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ کا گھوڑا جس کو لحیف یا لخیف کہا جاتا تھا وہ ہمارے باغ میں رہتا تھا۔

Ḥadrat Sahl bin Sa‘d رضي الله عنه narrated: "In our garden was a horse belonging to the Holy Prophet ﷺ named *Al-Laḥīf*. Some called it '*Al-Lakhīf*', with a *khā'*."
-(*Ṣaḥīḥ Al-Bukhāri V1, P400*)

اهداه له ربيعة ابن البراء سمي به لسمنه وكبره كانه

جس کو ربیعہ بن البراء رضی اللہ عنہ نے حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں تحفہ بھیجا تھا۔ یہ نام اس گھوڑے

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین

یلحف الارض ۔
(شرح المواہب اللدنیۃ للزرقانی ج ۳ ص ۳۸۶)

کا اس لیے رکھا گیا کہ وہ فربہ اور بڑے قد کا تھا گویا کہ وہ زمین کے ساتھ مِل گیا تھا ۔

This horse was presented to the Holy Prophet صلى الله عليه وسلم by Rabī'a ibn Al-Barā' رضی اللہ عنہ. It was called *Al-Laḥīf* (the covering one) because it was plump and large as if it covered the ground.

-(Sharḥ Al-Mawāhib Al-Ladunya by Az-Zarqāni V3, P386)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ٭ ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللّٰھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک
وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا راکب الناقۃ صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار اونٹنی کے سوار درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā RĀKIB-UN-NĀQAH صلی اللہ علیہ وسلم
(Our Leader, Rider of the She-Camel صلی اللہ علیہ وسلم)

قال موسیٰ بن عقبۃ
وکانت الانصار قد
اجتمعوا قبل أن یرکب
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
من بنی عمرو بن عوف
فمشوا حول ناقتہ لا یزال
أحدھم ینازع صاحبہ
زمام الناقۃ شحا علی
کرامۃ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم و تعظیما لہ
وکلما مر بدار من دور

موسیٰ بن عقبہ (صاحب مغازی)
کا بیان ہے کہ حضور اقدس
صلی اللہ علیہ وسلم ابھی اونٹنی پر سوار نہ ہوئے
تھے کہ انصار اکٹھے ہو گئے جو قبیلہ
بنو عمرو بن عوف سے تعلق رکھتے
تھے وہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی
اونٹنی کے ارد گرد چل رہے تھے۔
وہ ایک دوسرے سے جھگڑ کر
اونٹنی کی مہار پکڑتے تھے بوجہ بزرگی
حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی کے اور
آپ کی تعظیم کے لیے۔ جب اونٹنی

الانصار دعوه إلى المنزل فيقول ﷺ "دعوها فإنها مأمورة فإنما أنزل حيث أنزلني الله" فلما انتهت إلى دار أبي أيوب رضي الله عنه بركت به على الباب فنزل فدخل بيت أبي أيوب رضي الله عنه حتى ابتنى مسجده ومساكنه.

(تاریخ ابن کثیر ج۳۔ ص۱۹۹)

انصار کے محلوں سے گزرتی تھی تو ہر انصاری یہی کہتا تھا کہ آپ ہمارے ہاں ٹھہریں۔ آپ فرماتے کہ اس کو چھوڑ دو، اس کو اللہ کی طرف سے حکم ہے۔ میں وہیں اتروں گا جہاں اللہ نے مجھے اتارا۔ پھر جب وہ اونٹنی ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے گھر کے سامنے بیٹھ گئی تو آپ اس سے اتر پڑے اور حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کے گھر تشریف لے گئے حتی کہ پھر آپ نے اپنی مسجد اور مکانات تعمیر کیے۔

Ḥadrat Mūsā bin 'Uqba رحمۃ اللہ علیہ narrated that the Messenger of Allah the Almighty ﷺ had not yet mounted his she-camel that the Anṣār from Bani 'Amr bin 'Awf gathered and circled around her. Out of love and respect for the Almighty Allah's Prophet ﷺ they continued to contend with each other to hold on to the camel's reigns. As the she-camel passed by the houses of the Anṣār each one begged him to stay at his house, but the Messenger of Allah the Almighty ﷺ said: "Leave her (to it) for she has been commanded (by Allah the Almighty)! So I shall get down where Allah the Almighty wishes me to."

Then, when the camel came to the house of Ḥadrat Abu Ayyūb رضی اللہ عنہ, it kneeled down at the door. The Messenger of Allah the Almighty ﷺ dismounted and entered the house of Abu Ayyūb رضی اللہ عنہ. He stayed there until his Masjid and living quarters had been built.

-*(Tārīkh Ibn Kathīr V3, P199)*

عن الفضل بن عباس رضی اللہ عنہما وکان ردیف رسول اللہ ﷺ انه قال فی عشیة عرفة وغداة جمع للناس حین دفعوا علیکم بالسکینة وهو کاف ناقته حتی دخل محسرا وهو من منیٰ قال علیکم بحصی الخذف الذی ترمیٰ به الجمرة وقال لم یزل رسول اللہ ﷺ یلبی حتی رمی الجمرة۔

(الصحیح لمسلم ج ۱۔ص ۴۱۵)

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے اور وہ حضور اقدس ﷺ کے پیچھے سوار تھے۔ عرفات کے روز دن ڈھلے اور مزدلفہ کی صبح کو جب آپ (منیٰ کو) واپس جا رہے تھے تو فرمایا اے لوگو آرام سے چلو اور آپ نے اپنی ناقہ کی مہار کو کھینچ رکھا تھا حتیٰ کہ آپ وادیٔ محسر میں داخل ہوگئے اور وادیٔ محسر منیٰ میں شامل ہے فرمایا چھوٹے چھوٹے کنکروں سے رمی جمار کرو اور انہوں نے یہ بھی بیان کیا کہ آپ رمی جمار کرنے تک لبیک پکارتے رہے۔

Ḥaḍrat Ibn 'Abbās رضی اللہ عنہ narrated on the authority of Al-Faḍl bin 'Abbās رضی اللہ عنہ, who used to ride seated behind the Messenger of Allah the Almighty ﷺ, that the Holy Prophet ﷺ said to those people who were pushing on the evening of 'Arafah that they should proceed slowly. He himself drove his she-camel with restraint, until he entered Muḥassir (a place in Minā), and told them to take up stones, which were to be thrown at *Al-Jamrah*. The Messenger of Allah the Almighty ﷺ continued to pronounce the *Talbiyah* until he had stoned *Al-Jamrah*.

-(*Ṣaḥīḥ Muslim V1, P415*)

بسم الله الرحمن الرحيم • ماشاء الله لا قوة إلا بالله

اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الأمي وعلى آله وأصحابه وعترته بعدد كل معلوم لك وبعدد خلقك ورضى نفسك وزنة عرشك ومداد كلماتك أستغفر الله الذي لا إله إلا هو الحي القيوم وأتوب إليه

يا حي يا قيوم

سيدنا راكب النجيب صلى الله عليه وآله وسلم

ہمارے سردار عمدہ اونٹ کی سواری کرنے والے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پے

Sayyidunā RĀKIB-UN-NAJĪB صلی اللہ علیہ وسلم (Our Leader, Rider of Fine Camels صلی اللہ علیہ وسلم)

قال ابن اسحاق رحمه الله كان
سعد بن معاذ رضي الله عنه واقفا
على باب العريش متقلدًا
بالسيف ومعه رجال
من الأنصار يحرسون
رسول الله ﷺ خوفا عليه
من ان يدهمه العدو من
المشركين والجنائب النجائب
مهيأة لرسول الله ﷺ
ان احتاج اليها ركبها
ورجع إلى المدينة.

امام ابن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ کا بیان
ہے حضرت سعدؓ (بدر کے دن) حضورِ
اقدس ﷺ کی جھونپڑی کے
سامنے ننگی تلوار سے پہرہ دے رہے
اور ان کے ساتھ اور انصار بھی بطور
محافظ کھڑے تھے کہ اگر آپؐ پر
مشرک دشمن اچانک حملہ کردیں تو
ان کا دفاع ہو اور عمدہ اونٹنیاں
حضور اقدس ﷺ کے لیے تیار
کھڑی تھیں کہ اگر ضرورت پڑی تو
آپؐ ان پر سوار ہو کر مدینہ منورہ

(تاریخ ابن کثیر ج ۳ ص ۲۷۱) واپس آجائیں گے۔

Ḥadrat Ibn Isḥāq رحمۃ اللہ علیہ narrated that Ḥadrat Sa'd bin Mu'ādh رضی اللہ عنہ was standing guard in front of the Holy Prophet's صلی اللہ علیہ وسلم hut, with his sword unsheathed. With him were other members of the Anṣār, so that if the polytheist enemies attacked suddenly, the Almighty Allah's Prophet صلی اللہ علیہ وسلم would be defended. Fine she-camels were also kept ready, so that if he needed to, he could ride back to Madinah *Al-Mumawwarah*.

-(Tārīkh Ibn Kathīr V3, P271)

بسم الله الرحمن الرحيم ما شاء الله لا قوة الا بالله

اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الامي وعلى اله واصحابه وعترته بعدد كل معلوم لك وبعدد خلقك ورضى نفسك وزنة عرشك ومداد كلماتك استغفر الله الذي لا اله الا هو الحي القيوم واتوب اليه

سیدنا راکب عفیر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار عفیر کے سوار درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā RĀKIBU ‘AFĪR ﷺ (Our Leader, Rider of the Donkey *‘Afīr* ﷺ)

عن علی رضی اللہ عنہ قال كان للنبي ﷺ فرس يقال له المرتجز وحمار يقال له عفير وبغلة يقال لها دلدل وسيفه ذو الفقار و ذرعه ذو الفضول۔

(رواه ابن اسحاق - تاریخ ابن کثیر ج ۶ ص ۸)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ کا گھوڑا تھا جس کو المرتجز کہا جاتا تھا اور ایک گدھا تھا جس کو عفیر کہا جاتا تھا اور خچر تھا جس کا نام دلدل تھا اور آپ کی تلوار کا نام ذوالفقار تھا، اور زرہ تھی جس کا نام ذوالفضول تھا

Ḥadrat ‘Alī رضی اللہ عنہ said that the Holy Prophet ﷺ had a horse called *Al-Murtajaz* and a donkey called *‘Afīr*, a mule called *Duldul*, a sword called *Dhul-fiqār*, and his armour was called *Dhul-fuḍūl*.

-(Ibn Isḥāq in Tārīkh Ibn Kathīr V6, P8)

عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ

حضرت عبد اللہ بن مسعود

قال كانت الانبياء عليهم السلام يلبسون الصوف ويحلبون الشاة ويركبون الحمير وكان لرسول الله ﷺ حمار يقال له عفير.

(شرح المواهب اللدنية للزرقاني ج۳ ص ۳۹۰)

رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انبیاء اُون کا لباس پہنتے تھے اور بکریوں کا دُودھ دوہتے تھے اور گدھوں کی سواری کرتے تھے اور حضورِ اقدس ﷺ کا گدھا تھا جس کا نام عفیر تھا۔

Hadrat 'Abdullāh Ibn Mas'ūd رضی اللہ عنہ narrated that the Prophets of Allah the Almighty علیہم السلام wore woollen garments, milked the sheep and rode donkeys. The Messenger of Allah the Almighty ﷺ had a donkey called *'Afīr.*

-(Sharh Al-Mawāhib Al-Ladunya by Az-Zarqānī V3, P390)

عن أنس بن مالك رضي الله عنه قال كان رسول الله ﷺ يعود المريض ويشيع الجنازة ويجيب دعوة المملوك ويركب الحمار وكان يوم قريظة والنضير على حمار ويوم خيبر على حمار مخطوم برسن من ليف وتحته اكاف من ليف.

(سنن ابن ماجة ص۳۰۸)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ بیمار کی بیمار پرسی فرماتے تھے اور جنازہ کے ساتھ تشریف لے جایا کرتے تھے اور غلاموں کی دعوت قبول فرمالیا کرتے تھے اور گدھے کی سواری فرمایا کرتے تھے اور بنی قریظہ اور نضیر کی جنگ کے دن آپؐ گدھے پر سوار تھے اور خیبر کے دن آپؐ ایسے گدھے پر سوار تھے جس کو کھجور کے پتوں کی لگام دی گئی تھی اور آپؐ کے نیچے کھجور کے پتوں کی زین تھی۔

Hadrat Anas bin Mālik رضی اللہ عنہ narrated that the Messenger of Allah the Almighty ﷺ used to visit the sick and accompany the funerals of the dead. He used to accept the invitations of slaves, and rode on a donkey. On the day of the battle of Quraiza and Nadīr he was riding a donkey. On the day of the battle of Khaybar, he was riding a donkey whose reigns and saddle were made of palm leaves.

-(Sunan Ibn Mājah P308)

قال ابن الملك رحمة الله عليه فيه دليل على ان ركوب الحمار سنة قلت فمن استنكف من ركوبه كبعض المتكبرين وجماعة من جهلة الهند فهو اخس من الحمار -

(مرقات شرح مشكوٰة لملا على القاري الحنفي المكي ج ١١- ص ٩٤)

ابنِ مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اِس حدیث میں دلیل ہے کہ گدھے کی سواری سُنّت ہے میں کہتا ہوں جو اس کی سواری سے نفرت کرے جیسے ہندوستان کے بعض متکبر اور جاہلوں کی ایک جماعت کا خیال ہے، وہ گدھے سے زیادہ ذلیل و خسیس ہیں۔

Hadrat Ibn Al-Mālik رحمۃ اللہ علیہ explains: "There is proof in the *Hadīth* that riding a donkey is in accordance with the *Sunnah*. I say that anyone who dislikes riding a donkey — as some arrogant people and a group of ignorant people from India do — is meaner than the donkey itself."

-(Mirqāt Sharh Mishkāt by Mullā 'Alī Al-Qārī Al-Makki V11, P94)

بسم الله الرحمن الرحيم • ما شاء الله لا قوة إلا بالله

يا حي اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الامي وعلى اله واصحابه وعترته بعدد كل معلوم لك يا قيوم

يا حي وبعدد خلقك ورضى نفسك وزنة عرشك ومداد كلماتك استغفر الله الذى لا اله الا هو الحي القيوم واتوب اليه يا قيوم

سيدنا راكب يعفور صلى الله عليه وآله وسلم

ہمارے سردار یعفور کے سوار درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā RĀKIBU YA'FŪR صلى الله عليه وسلم
(Our Leader, Rider of the Donkey *Ya'fūr* صلى الله عليه وسلم)

عن زامل بن عمرو رضي الله عنه قال اهدى فروة بن عمرو الى النبي صلى الله عليه وسلم بغلة يقال لها فضة فوهبها لابي بكر رضي الله عنه وحماره يعفور فنفق منصرفه من حجة الوداع۔

(الطبقات الکبرٰی لابن سعد ج ۱ ص ۴۹۱)

حضرت زامل بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فروہ بن عمرو نے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں خچر کا تحفہ بھیجا جس کا نام فضہ تھا۔ پھر آپ نے وہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو عنایت فرما دیا۔ آپ کے گدھے کا نام یعفور تھا۔ وہ حجۃ الوداع سے واپسی پر ختم ہو گیا تھا۔

Hadrat Zāmil bin 'Amr رضي الله عنه narrated that Farwah bin 'Amr presented a mule to the Holy Prophet صلى الله عليه وسلم, and it was called *Al-Fiddah*. He then gave that mule to

Hadrat Abu Bakr رضی اللہ عنہ. His donkey was called *Ya'fūr*, and he died after the Holy Prophet ﷺ returned from the Farewell Pilgrimage.

-(Aṭ-Ṭabaqāt Al-Kubrā by Ibn Sa'd V1, P491)

عن علقمة بن ابى علقمة
رضى الله عنه قال بلغنى والله اعلم
ان اسم حمار النبى ﷺ
اليعفور۔
(الطبقات الكبرى لابن سعد ج ۱ ص ۴۹۲)

حضرت علقمہ بن ابی علقمہ رضی اللہ عنہ
سے روایت ہے کہ مجھے یہ بات
پہنچی کہ حضورِ اقدس ﷺ کے
گدھے کا نام یعفور تھا۔
واللہ اعلم

Hadrat 'Alqama bin Abi 'Alqama رضی اللہ عنہ said: "I have been informed and Allah the Almighty knows best that the Holy Prophet's (ﷺ) donkey was called *Al-Ya'fūr*."

-(Aṭ-Ṭabaqāt Al-Kubrā by Ibn Sa'd V1, P492)

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

سیدنا الراکع ﷺ

ہمارے سردار رکوع کرنیوالے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā AR-RĀKI' ﷺ
(Our Leader, Who Bowed Before Allah the Almighty ﷺ)

إشارة إلى قوله ،
" مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللهِ ، وَالَّذِينَ مَعَهٗٓ أَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا ط "
(سورة الفتح — ٢٩)

اشارہ ہے اِس آیت کی طرف :
"حضرت محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ آپ کے صحبت یافتہ ہیں وہ کافروں کے مقابلہ میں تیز ہیں آپس میں مہربان ہیں۔ اے مخاطب تو ان کو دیکھے گا کبھی رکوع کر رہے ہیں کبھی سجدہ کر رہے ہیں۔"

Reference to the *Holy Qur'ān*:

Muḥammad is the Messenger
Of Allah; and those who are
With him are strong

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

Against Unbelievers, (but)
Compassionate amongst each other.
-(Al-Fath 48:29)

"اَلتَّآئِبُوْنَ الْعَابِدُوْنَ
الْحَامِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ
الرَّاكِعُوْنَ ـ"
(سورۃ التوبۃ ۱۱۲)

"وہ ایسے ہیں جو توبہ کرنے والے
ہیں۔ عبادت کرنے والے۔ حمد کرنے
والے۔ روزہ رکھنے والے اور
رکوع کرنے والے ہیں۔"

Those that turn (to Allah)
In repentance; that serve Him,
And praise Him; that wander
In devotion to the Cause of Allah;
That bow down and prostrate themselves
In prayer . . .
-(At-Tawbah 9:112)

" وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا
الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ
الرَّاكِعِيْنَ ۝" (سورۃ البقرۃ ـ ۴۳)

"اور قائم کرو تم لوگ نماز کو اور
دو زکوٰۃ کو اور عاجزی کرو عاجزی
کرنے والوں کے ساتھ۔

And be steadfast in prayer;
Practise regular charity;
And bow down your heads
With those who bow down (in worship).
-(Al-Baqarah 2:43)

عن انس بن مالك
رضی اللہ عنہ عن النبی
ﷺ قال اقيموا الرّكوع
والسّجود فوالله انى
لاراكم من بعد ظهرى
اذا ركعتم و سجدتم ـ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ
سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس
ﷺ نے فرمایا رکوع اور سجدے
کو قائم رکھو۔ اللہ کی قسم میں تمہیں
اپنے پیچھے سے دیکھتا ہوں جب
تم رکوع اور سجدہ کرتے ہو۔

(صحیح البخاری ج ۱ ص ۱۰۲)

Hadrat Anas bin Mālik رضی اللہ عنہ narrated: "The Holy Prophet ﷺ said, 'Perform the *rukū'* and *sujūd* (properly). By Allah the Almighty, I see you behind me when you bow and prostrate.'"

-(Sahīh Al-Bukhāri V1, P102)

عن عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لاخیر فی دین لا رکوع فیہ ۔ (الحدیث)

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۴ ص ۲۱۸)

حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا جس دین میں رکوع نہیں اس میں کوئی بھلائی نہیں۔

Hadrat 'Uthmān bin Abi Al-'Ās رضی اللہ عنہ narrated that the Holy Prophet ﷺ said: "There is no good in a religion in which there is no bowing down."

-(Musnad Imām Ahmad bin Hanbal V4, P218)

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا رکع استوی فلوصب علی ظھرہ الماء لاستقر۔

(رواہ الطبرانی فی الکبیر و ابویعلی۔ مجمع الزوائد و منبع الفوائد ج ۲ ص ۱۲۳)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ جب رکوع کرتے تو پیٹھ کو سیدھی کرتے۔حتی کہ اگر آپ کی پیٹھ پر پانی رکھ دیا جاتا تو ٹک جاتا۔

Hadrat Ibn 'Abbās رضی اللہ عنہما narrated that when the Almighty Allah's Prophet ﷺ used to perform the *rukū'* (bowing), his back was so straight that if water were poured on it, it would have stayed in place.

-(At-Tabarāni in Al-Kabīr and Abu Ya'lā in Majma' Az-Zawā'id and Manba' Al-Fawā'id V2, P123)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ • مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَحَبِيْبِنَا مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَعِتْرَتِهٖ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَكَ وَبِعَدَدِ خَلْقِكَ وَرِضٰى نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَأَتُوْبُ إِلَيْهِ

سَيِّدُنَا رَاقُ الْمِنْبَرِ صلى الله عليه وآله وسلم

ہمارے سردار منبر پہ قدم مبارک رکھنے والے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پے

Sayyidunā RĀQ-IL-MINBAR صلى الله عليه وسلم
(Our Leader, Who Ascended the Pulpit صلى الله عليه وسلم)

عن عبد الله بن
عمر رضي الله عنهما قال كان
جذع نخلة في المسجد
يسند رسول الله ﷺ
ظهره اليه إذا كان
يوم الجمعة او حدث امر
يريد ان يكلم الناس
فقالوا الا نجعل لك
يا رسول الله ﷺ شيئا
كقدر قيامك قال لا
عليكم ان تفعلوا فصنعوا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما
سے روایت ہے۔ کہ مسجد میں
ایک کھجور کی لکڑی کا شہتیر گاڑا
ہوا تھا۔ جس کے ساتھ آپ اپنی
پیٹھ مبارک کی ٹیک لگایا کرتے
تھے۔ جمعہ کے دن یا کسی ایسے
وقت جب کوئی نئی صورتحال پیدا ہوتی
آپ لوگوں کو مخاطب فرمایا کرتے
تھے۔ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ
ﷺ ہم آپ کے لیے آپ
کے قد مبارک کے برابر ایک اونچی

له منبرًا ثلث مراق قال فجلس عليه قال فخار الجذع كما تخور البقرة جزعًا على رسول الله ﷺ فالتزمه ومسحه حتى سكن۔

(رواه احمد)

(تاریخ ابن کثیر ج ۶ ۔ ص ۱۳۰)

چیز تیار کر دیں ؟ آپ نے فرمایا کوئی حرج نہیں ۔ تو انہوں نے آپ کے لیے تین سیڑھیوں والا منبر بنا دیا جب آپ اس پر تشریف فرما ہوئے تو اس شہتیر سے ایسی آواز نکلی جیسے گائے بچے کی جدائی میں دردناک آواز نکالتی ہے۔ وہ آپ کے فراق کو برداشت نہ کر سکا۔ آپ منبر سے نیچے تشریف لائے اور آپ اس سے چمٹ گئے اور اس پر شفقت کا ہاتھ پھیرا حتیٰ کہ وہ چپ ہو گیا۔

Ḥadrat ‘Abdullāh bin ‘Umar رضی اللہ عنہ narrated that a stump of a palm tree, against which the Messenger of Allah the Almighty ﷺ used to support his back, was fixed in (the centre of) the Masjid at Madinah Al-Munawwarah. On Fridays, or at any other event, he would address the people from there. The Companions asked whether they should erect something appropriate to the Holy Prophet's (ﷺ) height, and he agreed to this. Thus, they made a pulpit for him, with three steps. When he sat on it, the stump groaned like a bellowing cow, as if it were grieving for the Messenger of Allah the Almighty ﷺ. Therefore, he ﷺ got off the pulpit and embraced the stump, until it had quietened down.

-*(Narrated by Aḥmad in Tārīkh Ibn Kathīr V6, P130)*

عن ابی سعید رضی اللہ عنہ قال كان النبی ﷺ يقوم الى خشبة يتوكأ عليها

حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ ایک لکڑی کے ساتھ ٹیک لگا کر خطبہ جمعہ

يخطب كل جمعة حتى
اتاه رجل من القوم فقال
ان شئت جعلت لك
شيئا اذا قعدت عليه كنت
كأنك قائم قال نعم قال
فجعل له المنبر فلما
جلس عليه حنت الخشبة
حنين الناقة على ولدها
حين نزل النبي ﷺ
فوضع يده عليها۔ (الحديث)

(رواه ابو يعلى۔ مجمع الزوائد ومنبع الفوائد ج۲ ص۱۸۰)

ارشاد فرمایا کرتے تھے حتیٰ کہ آپؐ کے
پاس قوم میں سے ایک آدمی آیا اس
نے عرض کیا کہ آپؐ چاہیں تو میں آپؐ
کو ایک چیز تیار کر دوں جب آپؐ
اس پر بیٹھیں تو معلوم ہو کہ آپؐ کھڑے
ہیں! آپؐ نے فرمایا ہاں بناؤ۔ اس نے
آپؐ کیلیے ایک منبر تیار کیا جب آپؐ
اس پر تشریف فرما ہوئے تو وہ لکڑی رو
پڑی جیسے اونٹنی اپنے بچہ پر روتی ہے۔
حضور اقدس ﷺ منبر سے اتر پڑے
اور آپؐ نے اس پر اپنا دست مبارک رکھا۔

Hadrat Abu Sa'īd رضي الله عنه narrated that the Holy Prophet ﷺ used to lean his back against a stump of wood and give sermons every Friday. A man came to the Holy Prophet ﷺ and said: "If you wish I can have something made for you that when you are seated on it will make you appear as though you were standing". He ﷺ said: "Yes, (do so)." He erected for him a pulpit (*Minbar*).

When he sat on it, the stump of wood cried like a she-camel wailing for its litter. So the Almighty Allah's Prophet ﷺ climbed down and put his hand on the piece of wood (to calm it).

-(Abu Ya'lā in Majma' Az-Zawā'id wa Manba' Al-Fawā'id V2, P180)

بسم الله الرحمن الرحيم • ما شاء الله لا قوة الا بالله
يا حي اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الامي وعلى اله واصحابه وعترته بعدد كل معلوم لك يا قيوم
يا حي وبعدد خلقك ورضى نفسك وزنة عرشك ومداد كلماتك استغفر الله الذي لا اله الا هو الحي القيوم واتوب اليه يا قيوم

سيدنا الراقي صلى الله عليه وآله وسلم

ہمارے سردار دم کرنے والے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā AR-RĀQIY صلى الله عليه وسلم
(Our Leader, the Healer صلى الله عليه وسلم)

اشارة إلى قوله:

"وَقِيْلَ مَنْ رَّاقٍ"

(سورة القيامة — ٢٧)

اشارہ ہے اِس آیت کی طرف:

" اور کہا گیا کہ ہے کوئی دم کرنے والا۔"

Reference to the *Holy Qur'ān*:

And there will be a cry,
"Who is the magician
(To restore him)?"
-*(Al-Qiyāmah 75:27)*

عن حبيب بن مريط رضي الله عنه ان اباه خرج الى رسول الله صلى الله عليه وسلم وعيناه مبيضتان لا يبصر بهما شيئا اصلا، فسأله ما

حضرت حبیب بن مریط رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ میرے اباجان حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے اور اُن کی دونوں آنکھیں بالکل سفید تھیں۔ ان سے وہ کچھ دیکھ نہ

اصابك ؟ فقال كنت ارعى جملا لى فوقعت رجلى على بطن حية فاصبت ببصرى قال فنفث رسول الله ﷺ فى عينيه فابصر فرأيته وانه ليدخل الخيط فى الابرة وانه لابن ثمانين سنة وان عينيه لمبيضتان۔ (تاریخ ابن کثیر ج۶ ص۱۶۲)	سکتے تھے۔ آپ نے دریافت فرمایا۔ کہ تجھے کیا ہوا؟ اُس نے کہا میں اپنے اُونٹوں کو چرا رہا تھا کہ اچانک میرا پیر سانپ پر پڑ گیا۔ جس سے میری آنکھیں جاتی رہیں۔ حضور اقدس ﷺ نے اس کی آنکھوں پر دم کرکے تھوکا تو وُہ اسی وقت دیکھنے لگا میں نے اپنے ابا جان کو دیکھا کہ وُہ اسّی سال کی عمر میں سُوئی میں دھاگہ ڈال لیتے تھے۔ اور ان کی دونوں آنکھیں سفید تھیں۔

Ḥadrat Ḥabīb Al-Mariṭ رضی اللہ عنہ narrated that his father went to the Messenger of Allah the Almighty ﷺ when both his eyes had turned completely white and he could not see a thing with them. The Holy Prophet ﷺ asked what had happened to him. He replied that while he had been grazing his camels, his foot had fallen suddenly on a snake and his sight had been lost. So Allah's Prophet ﷺ uttered (some words) into the eyes of that man (so as to release them from venom), and he began to see.

Ḥadrat Ḥabīb رضی اللہ عنہ then saw his father, even at the age of eighty, threading a needle while both the eyes were still white.

-(*Tārīkh Ibn Kathīr V6, P162*)

عن محمد بن عقبة بن شرجيل عن جده عبد الرحمٰن	حضرت محمّد بن عقبہ بن شرجیل اپنے دادا حضرت عبدالرحمٰن وہ اپنے

عن ابیه رضی اللہ عنہ قال اتیت
رسول اللہ ﷺ وبکفی سلعة
فقلت یانبی اللہ ﷺ هذه
السلعة قد اورمتنی
تحول بینی و بین قائم
السیف ان اقبض علیه
وعن عنان الدابة فقال
رسول اللہ ﷺ ادن منی
فدنوت ففتحها فنفث فی کفی
ثم وضع یده علی السلعة فما
زال یطحنها بکفه حتی رفع
عنها وما اری اثرها۔

